© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

**مفتاح العربیہ معروف بہ کلام عربی۔** حصہ اوّل و دوم قیمت فی حصہ ۱۰ر کتابت طباعت متوسط سائز ۱۸×۲۲/۸ از قاضی زین العابدین صاحب سجاد میرٹھی

عربی زبان سے کم سے کم مدت میں آشنا کرنے کے لیے اس وقت تک اُردو میں مختلف کتابیں لکھی جاچکی ہیں، لیکن اُن میں سے بعض کا مقصد صرف و نحو کی تسہیل اور اس کے ساتھ ساتھ عربی قدیم کی تعلیم ہے اور بعض میں صرف و نحو سے بالکل بے نیازی برتی گئی ہے، اور تحریری زبان کی بجائے بول چال کی زبان سکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ظاہر ہے ایک سے تحریری زبان کو سمجھنے کی استعداد پیدا ہوجاتی ہے۔ مگر بول چال کی زبان سمجھنے میں ان سے کوئی مدد نہیں ملتی۔ دوسری قسم کی کتابوں سے بول چال آجاتی ہے مگر قرآن و حدیث کی عربی نہیں آتی۔ اس بنا پر ضرورت تھی ایک ایسی کتاب کی جس میں صرف و نحو کے ضروری مسائل کو آسان طریقہ بیان کے ساتھ لکھا گیا ہو۔ اُن مسائل کی تمرین و مشق اصول تعلیم کے جدید طریقوں کے مطابق کرائی گئی ہو اور ساتھ ہی مصر کی مروجہ زبان کے نمونے' اخبارات کی خبریں، میل جول کے آداب، خط نگاری مراسلہ نویسی کی چند منتخب مثالیں بھی بیان کردی گئی ہوں تاکہ کتاب کا پڑھنے والا تحریری اور تقریری دونوں قسم کی زبانوں سے آشنا ہوسکے۔

مولانا قاضی زین العابدین صاحب سجاد میرٹھی نے جو دیوبند کے لائق فاضل ہیں۔ اسی ضرورت کو پیش نظر رکھ کر یہ کتاب لکھی ہے۔ آپ جس طرح عربی قدیم کا شگفتہ ذوق رکھتے ہیں۔ جدید عربی سے بھی پورے طور پر باخبر ہیں اس بنا پر آپ کی یہ کوشش ہمارے خیال میں بڑی حد تک کامیاب ہے۔ پہلے حصہ میں

© rasailojaraid.com